سوال

(241) شادی کے بعد ابتدائی دو سالوں میں منع حمل

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا شادی کے بعد ابتدائی دو برسوں میں میاں بیوی کی آپس کی رضامندی سے منع حمل جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسا کرنا حرام تو نہیں، لیکن بہتر اور افضل یہ ہے کہ ایسا نہ کیا جائے بلکہ اللہ تعالیٰ پر حسن ظن رکھا جائے اور یہ بھی ممکن ہے کہ بچے کی پیدائش سے میاں بیوی کے درمیان تعلقات اور زیادہ مضبوط ہو جائیں اور بچہ سارے خاندان والوں کی آنکھوں کی ٹھنڈک بن جائے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی توفیق بخشنے والا ہے۔ (شیخ محمد المنجد)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص309

محدث فتویٰ